میراثِ خیر

حضرت شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی

مرتب

ذوالفقار علی قادری

پیکاک

میراثِ خیر

حضرت شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی

فقیر میاں علی محمد قادری

مرتب

ذوالفقار علی قادری

مترجم

ڈاکٹر فائزہ زہرا مرزا

قادری قلم قبیلو

کراچی/لاڑکانہ

پیکاک پرنٹرز و پبلشرز

کراچی

نام کتاب: میراثِ خیر

کلام: حضرت شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی

انتخاب: فقیر میاں علی محمد قادری

مترجم: ڈاکٹر فائزہ زہرا مرزا

مرتب: ذوالفقار علی قادری

سالِ اشاعت: مئی ۲۰۱۵ء

کمپوزنگ: ڈاکٹر سیّد ساجد حسین زیدی

لے آؤٹ و سرورق: ظفر آفتاب ابڑو

بہ تعاون: قادری قلم قبیلو لاڑکانہ / کراچی

ناشر: پیکاک پرنٹرز و پبلشرز، کراچی

قیمت: ۳۰۰ روپے

ISBN # 978-969-9543-32-6

کتاب ملنے کا پتہ

پیکاک بک ہاؤس، ۴۰۴ رفیق سینٹر، عبداللہ ہارون روڈ، صدر کراچی سندھ۔

رابطہ نمبر: 021-35682020, 0300-2152634

ذوالفقار علی قادری، کمرشل اسٹریٹ۔5 ڈیفنس فیز۔۴۔ کراچی

رابطہ نمبر: +92-021 35887643, 0333-2286792

ای میل: zulfikarkadri@gmail.com

www.facebook.com/kadrikalamkabeelo

فہرست

- عرضِ ناشر — ڈاکٹر آفتاب ابڑو — ۵
- ابتدائیہ — سید تلمیذ حسنین رضوی — ۹
- پیش لفظ — ذوالفقار علی قادری — ۱۱
- مقدمہ — ڈاکٹر فائزہ زہرا مرزا — ۱۳
- رباعیات حضرت شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی — ۳۵

رباعیات

رباعی نمبر	صفحہ نمبر	رباعی نمبر	صفحہ نمبر	رباعی نمبر	صفحہ نمبر
رباعی ۱	۳۶	رباعی ۱۳	۴۸	رباعی ۲۵	۶۰
رباعی ۲	۳۷	رباعی ۱۴	۴۹	رباعی ۲۶	۶۱
رباعی ۳	۳۸	رباعی ۱۵	۵۰	رباعی ۲۷	۶۲
رباعی ۴	۳۹	رباعی ۱۶	۵۱	رباعی ۲۸	۶۳
رباعی ۵	۴۰	رباعی ۱۷	۵۲	رباعی ۲۹	۶۵
رباعی ۶	۴۱	رباعی ۱۸	۵۳	رباعی ۳۰	۶۶
رباعی ۷	۴۲	رباعی ۱۹	۵۴	رباعی ۳۱	۶۷
رباعی ۸	۴۳	رباعی ۲۰	۵۵	رباعی ۳۲	۶۸
رباعی ۹	۴۴	رباعی ۲۱	۵۶	رباعی ۳۳	۶۹
رباعی ۱۰	۴۵	رباعی ۲۲	۵۷	رباعی ۳۴	۷۰
رباعی ۱۱	۴۶	رباعی ۲۳	۵۸	رباعی ۳۵	۷۱
رباعی ۱۲	۴۷	رباعی ۲۴	۵۹	رباعی ۳۶	۷۳

رباعی نمبر	صفحہ نمبر	رباعی نمبر	صفحہ نمبر	رباعی نمبر	صفحہ نمبر
رباعی ۳۷	۷۴	رباعی ۵۸	۹۵	رباعی ۷۹	۱۱۷
رباعی ۳۸	۷۵	رباعی ۵۹	۹۶	رباعی ۸۰	۱۱۸
رباعی ۳۹	۷۶	رباعی ۶۰	۹۷	رباعی ۸۱	۱۱۹
رباعی ۴۰	۷۷	رباعی ۶۱	۹۸	رباعی ۸۲	۱۲۰
رباعی ۴۱	۷۸	رباعی ۶۲	۹۹	رباعی ۸۳	۱۲۱
رباعی ۴۲	۷۹	رباعی ۶۳	۱۰۰	رباعی ۸۴	۱۲۲
رباعی ۴۳	۸۰	رباعی ۶۴	۱۰۱	رباعی ۸۵	۱۲۳
رباعی ۴۴	۸۱	رباعی ۶۵	۱۰۲	رباعی ۸۶	۱۲۴
رباعی ۴۵	۸۲	رباعی ۶۶	۱۰۳	رباعی ۸۷	۱۲۵
رباعی ۴۶	۸۳	رباعی ۶۷	۱۰۴	رباعی ۸۸	۱۲۶
رباعی ۴۷	۸۴	رباعی ۶۸	۱۰۴	رباعی ۸۹	۱۲۷
رباعی ۴۸	۸۵	رباعی ۶۹	۱۰۶	رباعی ۹۰	۱۲۸
رباعی ۴۹	۸۶	رباعی ۷۰	۱۰۸	رباعی ۹۱	۱۲۹
رباعی ۵۰	۸۷	رباعی ۷۱	۱۰۹	رباعی ۹۲	۱۳۰
رباعی ۵۱	۸۸	رباعی ۷۲	۱۱۰	رباعی ۹۳	۱۳۱
رباعی ۵۲	۸۹	رباعی ۷۳	۱۱۱	رباعی ۹۴	۱۳۲
رباعی ۵۳	۹۰	رباعی ۷۴	۱۱۲	رباعی ۹۵	۱۳۳
رباعی ۵۴	۹۱	رباعی ۷۵	۱۱۳	رباعی ۹۶	۱۳۴
رباعی ۵۵	۹۲	رباعی ۷۶	۱۱۴	رباعی ۹۷	۱۳۵
رباعی ۵۶	۹۳	رباعی ۷۷	۱۱۵		
رباعی ۵۷	۹۴	رباعی ۷۸	۱۱۶		

عرض ناشر

زیر نظر کتاب ''میراث خیر'' ابو سعید ابوالخیر خراسانی کی ۷۴ منتخب رباعیات کے ترجمہ و تشریح پر مشتمل ایک لاجواب تصنیف ہے، جو پانچویں صدی ہجری میں تحریر ہوئی۔ اس عہد میں فارسی زبان کو ایران، سینٹرل ایشیا اور برصغیر میں بڑی اہمیت حاصل تھی۔ اس دور کے معروف علماء، ادباء و شعراء فارسی زبان میں شعر و سخن تحریر کیا کرتے تھے۔ مکتب اور مدارس کے ساتھ ''شاہی دربار'' کو اس ضمن میں خاصی اہمیت حاصل تھی جہاں مختلف فکر کے علماء و مشائخ طویل مباحث کے بعد تحقیقی تصانیف ترتیب دیتے تھے۔ صرف غزنی میں سلطان محمود غزنوی کے دربار میں بیک وقت ۴۰۰ اکابرین موجود رہتے تھے۔ جو معاصر ادب کا نہ صرف مطالعہ کرتے تھے بلکہ ان پر تنقیدی نگاہ بھی رکھتے تھے۔

معروف سیاح ابو ریحان البیرونی، سلطان محمود غزنوی کی خصوصی دعوت پر غزنی آئے اور سلطان کے شاہی خرچہ پر ہندوستان کی سیر کی اور ''کتاب الہند'' تحریر کی۔ حکیم مجدد الدین عارف سنائی بھی آپ کی دربار سے وابستہ رہے۔ آپ نے تصوف پر مثنوی ''حدیقت الحقیقت'' تصنیف کی جو مولانا رومی کی مشہور ''مثنوی رومی'' کی اساس بنی۔ اس طرح ابوالخیر حسن کو بھی خوازم سے آپ ساتھ لائے۔ جنہوں نے طب منطق، تصوف اور فلسفے پر ۱۱۵ اہم کتابیں لکھیں۔

اس دور میں سلطان محمود کے آبائی شہر 'نیشاپور' میں کئی خانقاہیں موجود تھیں جن کا تذکرہ کتاب ہذا کی مترجمہ ڈاکٹر فائزہ زہرہ مرزا نے کیا ہے۔ لیکن وہ خانقاہیں اشرفیہ

اور مخصوص فکر کے فقیہوں تک محدود تھیں۔ ابو سعید ابوالخیر نے یہ روایت توڑی اور پہلی مرتبہ خانقاہ کو رجع العام کیا۔ جبکہ آپ نے تصوف کی بنیادی فکر کو سامنے رکھتے ہوئے، اس خانقاہ کی از سرِ نو تعمیر کی۔ آپ 'وحدت الوجود' کے قائل تھے، یہ فکر مولانا رومی کی توسط سے سندھ میں پھیلی، جس میں اللہ اور بندے کے درمیان کے تعلق کی تشریح کی گئی ہے۔ قادری مسلک کے لوگ بھی اس عقیدے سے وابستہ ہیں۔

ابو سعید نے مرشد اور مرید کے لئے دس دس نکات پر مشتمل ایک عملی چارٹر بھی وضع کیا، جن پر عمل پیرا ہونا طرفین کے لئے مشروط تھا۔ محترمہ فائزہ مرزا نے ان نکات کو بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے جو قابل توجہ ہیں، ان نکات کو بڑی انہاک سے پڑھنے کی ضرورت ہے۔ ابو سعید کا فرمان ہے کہ تصوف بندگی نہیں بلکہ بندہ اور بندہ نواز کے مابین ربط اور ضبط کا نام ہے۔ جس کا بنیادی نقطہ لوگوں سے ملنا، لوگوں میں رہنا اور لوگوں کے دکھ درد کا ادراک رکھنا ہے۔

فارسی شاعری میں مثنوی کا ایک دور تھا۔ جس کو دوام مولانا روم نے بخشا، اس کے بعد 'رباعی' کا دور آتا ہے۔ جسے عمر خیام نے بام عروج پر پہنچایا۔ موصوف ابو سعید ابوالخیر بھی رباعیات کی صنف میں اہم مقام رکھتے ہیں۔ آپ نے موضوعات قرآن، حدیث اور اقوالِ اصحاب سے لیئے ہیں۔ آپ نے ان موضوعات کو بڑے عمدہ پیرائے اور بہترین الفاظ میں مرتب کیا ہے۔ جس طرح 'مثنوی رومی' کو پہلوی زبان میں قرآن کی تفسیر تصور کیا جاتا ہے۔ اس طرح ابو سعید بھی اپنی رباعیات کو "خیالِ اطہر" تصور کرتے ہیں۔ آپ نے دنیاوی مسائل کے حل کے لئے رباعیات کو مخصوص کیا ہے۔ مثلاً غربت و افلاس، محبوب، دوست کے وصال، رزق میں فراوانی، راہزنوں سے حفاظت، بیماری، پریشانی، بصری بیماری، مشکلات میں صبر، خلق کو مطیع کرنا وغیرہ کے لیئے بتایا گیا ہے کہ فلاں رباعی فلاں وقت اتنی بار پڑھنی چاہئے۔

ابو سعید کو 'دعا' پر بڑا یقین تھا۔ آپ کا فرمان ہے کہ 'دعا' خدا اور بندے کے

درمیان بلاواسطہ رابطہ ہے، جو لوگ 'دعا' کی اہمیت اور گہرائی کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، وہ وحدانیت پر کامل یقین رکھنے والے لوگ ہیں۔

یہ منتخب شدہ رباعیات سندھی ادب کے باکمال صاحب دیوان شاعر حاجی زوار علی محمد قادری (۱۸۵۶-۱۹۴۰) کی جوہر شناسی، علم و ادب، عقل و دانش کا نتیجہ ہیں جو انکی علمی فضیلت کا کھلا ثبوت ہیں۔ آپ نے جس عمدہ پیرائے میں ان رباعیات کی تشریح کی ہے وہ عدیم المثال ہے۔

''قادری قلم قبیلہ'' سے متعلق عرض کرتا چلوں کہ شمالی سندھ میں قادری خاندان علم و ادب سے گذشتہ دو صدیوں سے وابستہ ہے۔ اس خاندان کی علمی خدمات کا ایک وسیع دائرہ ہے، جس کی ابتدا حضرت سچل سرمست کی فکری ترویج سے ہوتی ہے، جس کے روحِ رواں فقیر میاں محمد صالح قادری تھے۔ چوتھی پیڑھی میں صاحب دیوان شاعر علی محمد قادری صاحب تھے۔ شعر و سخن کے ساتھ اس خاندان کی درس تدریس، صحافت اور افسانوی ادب میں بھی نمایاں خدمات ہیں۔ خاص طور پر جناب الطاف حسین قادری اور ڈاکٹر ایاز حسین قادری کا تو شمار صف اول میں ہوتا ہے۔ ڈاکٹر ایاز حسین تو جامعہ کراچی میں سندھی شعبے کے بانی چیئرمین رہے اور شاہ عبداللطیف بھٹائی چیئر کے قیام میں آپ کا کلیدی کردار رہا۔ آپ کا شمار بانیانِ جدید سندھی افسانہ نگاروں میں ہوتا ہے۔

قادری قلم قبیلے کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ بغیر کسی غرض و غایت اس خاندان کا علم و فضل کا سلسلہ رواں دواں ہے یہ قبیلہ نہ تو کسی گروہ کے فیضور رہا، نہ کسی سے کوئی رقابت، صرف اور صرف علم و ادب کا شیدائی ہے۔ سندھ میں علم کو ترقی و ترویج ان کا نصب العین ہے۔ اس خاندان کو فیض مولیٰ سے ترسیل ہوتی ہے اور یہ بڑی فیاضی کے ساتھ علم و ادب، شعر و سخن کی ترقی و ترویج پر خرچ کرتا رہتا ہے۔ درج ذیل کتب اس بات کا عین ثبوت ہیں۔

''دعائے مشلول''، ''دعائے کمیل''، ''دعائے نور''، ''سفر عقیدت''،

''حسنِ خیال''، ''مجموعہ درد''، ''لالہ رخ''، ''مشعل ایاز''، ''زلف ایاز''، ''سوچیں''، ''گلدستہ مناجعات''، ''دیوانِ قادری''، ''دیوان فقیر''، ''بھلے پار جوں زیارتوں''، ''وقت چوے آؤں بادشاہ''، ''بلودادا'' وغیرہ۔

میں محترم ذوالفقار قادری صاحب کو مبارک باد کا مستحق سمجھتا ہوں جو بذات خود ایک مصنف اور اہل علم باعمل صوفی ہیں، دعا پر یقین رکھتے ہیں اور ایسی اساسی کتب کی اشاعت کا وسیلہ بنے ہیں جو نہ صرف اسلامی فکر کی احیاء کرتیں ہیں بلکہ برصغیر کے علم و ادب پر بھی ان کے دوررس اثرات نظر آتے ہیں۔

اس کار خیر میں اللہ پاک انکو اور ہمت و تقویت عطا کرے کہ ایسی ناپید اور ذہن و قلب کو سکون میسر کرنے والی کتب کی اشاعت و پذیرائی کرتے رہیں، جو ایمان کو تازہ اعتقاد کو پختہ اور دعا کو دوامیں تبدیل کرتی ہیں۔

ڈاکٹر آفتاب ابڑو
چیئرمین
پیکاک پرنٹرز اینڈ پبلشرز

ابتدائیہ

تصوف ایک خاص مسلک اور مخصوص مذہبی عقائد و افکار کا مجموعہ ہے۔ایران میں اسے بہت فروغ حاصل ہوااور ایرانی شعراء نے اسی راہ کواپنایا۔ سلجوقی دور میں ایرانی ادبیات کا احیاء ہوااور شاعری پروان چڑھی اسی دور کے باباطاہر عریان اپنی دوبیتی سے بہت مشہور ہوئے۔اورانھی کے معاصر ابو سعید فضل اللہ بن ابوالخیر ہیں وہ خارانی خراسان کے نواح مہنہ میں ۳۵۷ھ کو پیدا ہوئے،وہیں پر ابتدائی تعلیم حاصل کی اس کے بعد فقہ کی تحصیل کے لیے مرو تشریف لے گئے۔اور یہاں ابو عبداللہ الخسری کی شاگردی اختیار کی۔اسکے بعد انہوں نے اپنے زمانے کے مشہور بزرگوں ابوالفضل حسن سرخسی، ابوالعباس احمد قصاب اور ابوالحسن خرقانی سے معنوی اور روحانی فیض حاصل کیا۔اور مشہور صوفی بزرگ ابوعبدالرحمٰن سُلمی سے سیر وسلوک کی منزلیں طے کیں۔

ابو سعید کو فارسی شاعری کے صوفی شعراء میں اوّلیت اور اقدمیت حاصل ہے۔انکی شاعری اسرار ور موز، صفائے باطن اور طہارت قلب و نظر کے مضامین سے پُر ہے۔ وہ انسان کامل کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ وہ اپنی شاعری میں کبھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور کبھی پنجتن پاک کا تذکرہ کرتے نظر آتے ہیں۔آپ فرماتے ہیں

بحق آن دو گسوی محمد زبون گردان زبر دسان ملرا

دوسری جگہ فرماتے ہیں:

یارب بمحمد وعلی وزہرا یارب بحسین و حسن وآل عبا
از لطف برآر حاجتم در دوسرا بی منت خلق یاعلی الاعلیٰ

ابو سعید نہایت شیریں مقال واعظ اور بہترین ناصح تھے۔ انکا یہ قول بہت مشہور ہے: ''دل میں جو خواہشات ہیں انہیں نکال دو اور ہاتھ میں جو کچھ ہے دے ڈالو اور جو کچھ تم پر گزرے اسے اللہ کی رضا سمجھو اور حرف شکایت زبان پر نہ لاؤ۔''

وہ اپنی ایک رباعی میں اپنا مسلک بیان کرتے ہیں:

گفتم کہ کرائی تو بدین زیبائی   گفتا خود را کہ من خودم یکتائی
ہم عشقم و عاشقم و ہم معشوقم   ہم آئینہ، ہم جمال، ہم بینائی

حضرت شیخ ابو سعید ابو الخیر خراسانی کی رباعیات کا یہ مجموعہ جو ذوالفقار قادری کے ایک بزرگ حاجی فقیر میاں علی محمد قادری کا مرتب کردہ ہے اس میں منتخب رباعیات ہیں جن کی تعداد ۹۷ ہے جو ان کے حسین و جمیل ذوق کی نشان دہی کرتا ہے۔ ویسے رباعیات ابو سعید کی تعداد ۴۴۳ کے قریب ہے جو متعدد بار ایران، ہندوستان اور پاکستان میں شائع ہوئی ہیں۔ موجودہ رباعیات کا ترجمہ ڈاکٹر فائزہ مرزا نے کیا جو خانوادۂ قلیچ کی مایہ ءِ ناز فرد ہیں اور مبسوط مقدمہ ان کی علمی و فکری بالغ نظری کا عکاس و غماز ہے۔ خداوندِ عالم اس کوشش کو مقبول و منظور فرمائے۔

والسلام

سید تلمیذ حسنین رضوی

نیو جرسی-امریکہ

پیش لفظ

تصوف کو سندھی ثقافت کی روح کہا جاتا ہے۔ تصوف و عرفان سے غیر معمولی وابستگی ہمارے خانوادے کو حاصل رہی ہے۔ یہ والہانہ وابستگی ہمارے پر دادا حاجی میاں علی محمد قادری کی ساری زندگی میں گردش خون کی طرح رہی ہے اور انہوں نے اس ضمن میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ مذکورہ کارنامہ قادری قلم قبیلے کا ضخیم ورثہ ہے۔ رباعیات شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی پر مشتمل یہ مجموعہ اس سلسلے کی روشن کڑی ہے۔

رُباعیات شیخ ابو سعید ابوالخیر کو فارسی ادب میں ایک خاص مقام حاصل ہے۔ آپ کا کلام رباعیات پر مشتمل ہے اور یہ شاعری کی وہ صنف ہے کہ ہر شخص اس وادی میں قدم انداز نہیں ہوتا۔ فارسی شعراء میں عمر خیام کو بہ حیثیتِ رباعی گو شاعر نہایت ارفع مقام حاصل ہے۔

اس مجموعے میں میرے پر دادا زوّار حاجی فقیر میاں علی محمد قادری نے اپنے ذوق اور میلانِ تصوف و عرفان کے اعتبار سے ۹۷ رباعیات کا انتخاب کیا ہے۔ اور ہر رباعی کے آغاز میں اپنے مقصد کے حصول کے لیے اسے پڑھنے کی تاکید کی ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ اسے کتنی بار پڑھا جائے۔ جہاں رباعی کا آیت سے تعلق ہے اس آیت کی نشان دہی کی گئی ہے اور اسمائے حسنیٰ کی جانب بھی ان رباعیات کے ذریعے توجہ دلائی ہے کہ اگر یہ کام در پیش ہو تو اسے اتنی مرتبہ پڑھا جائے۔ جیسے رباعی نمبر ۲ میں فرماتے ہیں کہ کام کی خرابی اور کشائش کے لیے ہر روز پندرہ مرتبہ یا فتاح کے نام سے پڑھنا کارگر ہو گا۔

مصائب و آلام کے وقت صبر کرنے کے لیے رباعی نمبر ۵۶ کے ذیل میں

تحریر فرماتے ہیں کہ غنی بننے کے لیے اس رباعی کے ساتھ 'یا غنی' و 'یا مغنی' نو مرتبہ پڑھا جائے۔ انہوں نے اپنے مقدمے میں تحریر فرمایا ہے کہ سلطان السالکین مرشد العارفین قطب الاقطاب شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی قدس اللہ سرہ کی رباعیات سعادتوں تک رسائی، رزق کے حصول اور تسخیر قلوب کے لیے بے حد مؤثر ہیں۔ حق اندیشوں نے ان رباعیات سے اسم اعظم کا استخراج کیا ہے۔

میری خواہش پر فارسی زبان کی اسکالر ڈاکٹر فائزہ مرزا نے ان رباعیات کا اردو زبان میں نہایت سلیس اور عام فہم ترجمہ کیا ہے۔ میں تہہ دل سے ان کا اور ان تمام افراد کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کتاب کی اشاعت میں حصہ لیا ہے۔ اس سے قبل بھی میری توسط سے کئی کتابیں منظر عام پر آئی ہیں اور قبولیت کی سند حاصل کی ہے۔ قادری قلم قبیلو لاڑکانہ / کراچی اور پیاک پرنٹرز و پبلشرز کی جانب سے رباعیات کا یہ نذرانہ پیش خدمت ہے۔

گر قبول افتد زہی عزّ و شرف

ذوالفقار علی قادری
کراچی

۵ مئی ۲۰۱۵ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

ایران میں سلجوقی حکومت ۴۲۹۔ ۵۵۲ھ تک قائم رہی۔ سطان طغرل (۴۲۹۔ ۴۵۵ھ) الپ ارسلان (۴۵۵۔ ۴۶۵ھ) ملک شاہ (۴۶۵۔ ۴۸۵ھ) اور سلطان سنجر (۵۱۱۔ ۵۵۲ھ) کے ادوار میں شعرا اور فضلا دربار سے وابستہ رہے۔

شاعری کے نقطہ نظر سے یہ دور، دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلے حصے میں وہ شعراء آتے ہیں جو سبک خراسانی یعنی سامانی اور غزنوی دور کے شعرا سے متاثر تھے۔ اور انہی کی روشنی کا اتباع کرتے تھے۔ ان میں فخر الدین اسعد گرگانی (م۔ بعد از ۴۴۶ھ) ازرقی ہروی (م، ۴۶۵ھ)، اسدی طوسی (م، ۴۶۵ھ)، عطا بن یعقوب (م، ۴۰۱ھ) قطران تبریزی (م، ۴۶۵ھ)، ناصر خسرو (م، ۴۸۱ھ)، عمعق بخارائی (م، ۵۴۳ھ) مختاری غزنوی (م، ۵۴۴ھ)، صابر ترمزی (م، ۵۳۸۔ ۵۴۲ھ کے درمیان)، رشید الدین محمد وطواط (م، ۵۷۳ھ) محمد سوزنی سمرقندی (م، ۵۶۳ھ) وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

دوسرے حصے میں وہ شعراء آتے ہیں جنہوں نے نئے اسلوب کی بنیاد رکھی اور سبک خراسانی سے ہٹ کر سبک عراقی میں داخل ہوئے۔ قصیدہ گو شعرا میں اوحد الدین علی بن اسحق انوری ابیوردی (م، ۵۸۳ھ)، افضل الدین بدیل خاقانی (م، ۵۹۵ھ)، ظہیر الدین فاریابی (م، ۵۹۸ھ)، امیر معزی (م، ۵۱۸ھ) وغیرہ نامور شعرا میں سے ہیں۔

مثنوی سراؤں میں نظامی گنجوی اس اسلوب کے سربرآوردہ نمائندہ ہیں، دور سلاجقہ میں رباعی گوئی کو بھی ایک اہم مقام ملا۔ عمر خیام، باباطاہر عریاں، خواجہ عبداللہ

انصاری، اور ابو سعید ابوالخیر اس دور کے وہ نمایاں رباعی گو شعرا ہیں جنہوں نے رباعی میں تصوف و عرفان کے مضامین داخل کر کے ایک نئے جذبے کو اجاگر کیا۔

ابو سعید ابوالخیر

ابو سعید ابوالخیر چوتھی اور پانچویں صدی (ہجری) کے مشہور فارسی شاعر اور عارف بزرگ ہیں

نام: شیخ ابو سعید فضل اللہ بن ابوالخیر

ولادت: وہ ابیورد اور سرخس کے درمیان واقع مقام ''مَیہنہ'' میں جو آج کل ترکمنستان میں واقع ہے یکم ماہ محرم ۳۵۷ھ میں پیدا ہوئے۔

والد کا پیشہ: ان کے والد پیشہ کے لحاظ سے دوا فروش تھے۔

تعلیم: ابو سعید ابتدائی تعلیم کے بعد روحانی تربیت کے لیے ابوالقاسم بشر یاسین کی خدمت میں حاضر ہوئے اور روحانی تربیت حاصل کی۔

فقہ کی تعلیم: ابو سعید بچپن میں اپنے والد کے ساتھ صوفیا کی مجالس میں جاتے تھے اور یہیں سے ان کا میلان تصوف کی طرف ہوا۔ اُنہوں نے شافعی فقہ کی تعلیم ''مرو'' میں ''ابو عبداللہ الحصری'' اور ''ابو بکر القفال'' سے حاصل کی۔

علوم قرآن کی تعلیم: ابو سعید نے سرخس ہی میں علوم القرآن، تفسیر اور حدیث کی تعلیم ''ابو علی طاہر'' سے حاصل کی جو معتزلی فکر کے شدید مخالف تھے۔

تصوف کی تعلیم: شیخ ابو سعید نے تصوف کی تعلیم سرخس میں ہی صوفی ''ابوالفضل محمد بن حسن السرخسی'' کی خدمت میں حاصل کی اور ان کے ارادتمند ہو گئے۔

پہلا خرقہ: ان کا پہلا خرقہ مشہور صوفی ''السلمیٰ'' کا عطا کردہ تھا۔

دوسرا خرقہ: دوسرا خرقہ انہیں ''ابو العباس قصاب'' نے ''آمل'' میں عطا کیا تھا۔ ابو سعید کچھ عرصہ ابوالعباس قصاب کے پاس ''آمل'' میں ٹھہرے اور پھر ''میہنہ''

لوٹ آئے اور عبادت و ریاضت میں مشغول رہے۔

وفات: ابوسعید نے اپنی زندگی کے بیشتر ایام اپنے مولد "میہنہ" ہی میں بسر کیے اور اُنہوں نے ۸۳ سال کی عمر پاکر ۴۴۰ھ میں وفات پائی اور میہنہ ہی میں دفن ہوئے۔

کتاب اسرار التوحید: کتاب "اسرار التوحید فی مقامات شیخ ابوسعید"۔ شیخ ابوسعید کے پوتے "محمد بن منور" نے لکھی ہے جس میں ابوسعید ابوالخیر کی زندگی کے حالات تفصیل سے درج ہیں۔ ڈاکٹر محمد رضا شفیعی کدکنی نے اس کتاب پر ایک مفصل مقدمہ لکھ کر اسے تہران سے ۱۳۶۶ھ میں زیور طبع سے آراستہ کیا ہے۔

ابوسعید ابوالخیر کی شخصیت: ابوسعید کی شخصیت صوفیانہ اخلاق سے رچی بسی تھی۔ وہ ہمیشہ عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے، کم کھاتے، کم بات کرتے، اور کانوں میں اُنگلیاں ٹھونس لیتے کہ خلل واقع نہ ہو۔ مہینوں پہاڑوں میں گزارتے اور شرعی احکام کی پابندی اور اسوۂ حسنہ کی پیروی کرتے تھے۔ وہ نہایت حلیم الطبع، نرم دل اور ہمدرد تھے اور خلائق کے ساتھ شفقت سے پیش آتے تھے۔

ترک خود بینی و فروتنی: شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

تواضع سر رفعت افرازدت
تکبر بہ خاک اندر اندازدت (۱)

ابوسعید ابوالخیر کے کلام کی خوبی اور ہنر آفرینی اس بات میں ہے کہ وہ روزمرہ واقعات میں سے ایسے پتے کی بات اخذ کرتے تھے جو ان کے مریدوں کے لیے ایک درس ہوتا تھا اور یہی سادہ اور بے کار نظر آنے والی باتیں ان کے لیے اعلیٰ معانی اور مطالب کی حامل ہوتی تھیں۔ ابوسعید کی تعلیمات ایک سادہ زندگی اور روزمرہ محاوروں اور گفتگو سے نکلتی ہیں۔ وہ سوال کرنے والوں کو خود ان کے کیے ہوئے سوالات سے جوابات دیتے تھے۔ ایک دن ایک درویش ان کے پاس آیا اور کہنے لگا اے شیخ! میں نے بہت سفر کیے ہیں اور پیر گھسائے ہیں، نہ میں آسودہ ہوں اور نہ کسی اور کو آسودہ پایا ہے۔ شیخ نے کہا "اس

میں تعجب نہیں کہ تو نے مسافرت کی اور اپنا مقصد پالیا۔ اگر تو اس سفر میں ذرہ برابر بھی خود کو بھلا دیتا تو تو خود بھی آسودہ رہتا اور دوسرے بھی تیرے لیے آسودگی فراہم کرتے۔ آدمی کا زندان، اس کا وجود ہے کہ جب اس نے اس زندان سے قدم باہر نکالا تو اپنا مقصد پالیا۔ (۲) شیخ ابوسعید ریاکاری سے دور تھے، ان کا عقیدہ تھا کہ جب تک انسان خود بینی اور خود پسندی کو ترک نہیں کرتا وہ راہ راست یا صراط مستقیم پر نہیں چل سکتا۔ وہ کہتے ہیں:

تا با توی ترا بدین حرف چہ کار

کاین آب حیات است ز آدم بیزار (۳)

صداقت و اخلاص: شیخ ابوسعید ابوالخیر پیکرِ اخلاص تھے۔ ان کی عبادت صرف خدائے واحد و یکتا کے لیے تھی۔ قرآن حکیم میں ارشادِ ربانی ہوتا ہے۔

''هُوَالحَیُّ لَا اِلٰهَ الا هُو فَادْعُوهُ مُخلِصِینَ لَهُ الدِّینَ اَلحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العَالَمِینَ'' (۴)

(ترجمہ) وہ زندہ ہے اور اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو اسی کی عبادت کرکے اس سے دُعا مانگو۔ سب تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔

ابوسعید کا ہر قول حق و صداقت پر مبنی تھا۔ وہ جس حقیقت کو بیان کرتے تھے اس میں خود پرستی، جاہ طلبی اور ریاکاری کا شائبہ بھی نہ تھا اور تملق و چاپلوسی سے ان کی گفتگو پاک تھی۔ ان کا وجود سورج کی طرح روشن اور دلپذیر تھا اسی وجہ سے ان کی زبان سے نکلی ہوئی ہر بات دل میں اُتر جاتی تھی اور روح کی طمانیت اور خوش دلی کا باعث بنتی تھی۔

دریادلی اور تحمل: آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عمل اور بردباری کی پیروی کرتے ہوئے ابوسعید لوگوں کو اپنی جانب جذب کرتے تھے اور گمراہوں کی مدد کرتے تھے۔ لوگ اُسی کے پاس آتے ہیں جو اُن کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرتا اور ان کے عیوب کی پردہ پوشی کرتا ہو۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''وَاِن تَصبِرُوا وَتَتَّقُوا فَاِنَّ ذَالِکَ مِن عَزمِ الاُمُورِ'' (۵)

(ترجمہ) ''اگر تم ان مصیبتوں کو جھیل جاؤ گے اور پرہیزگاری کرتے رہو گے تو بے شک

یہ بڑی ہمت کا کام ہے" ۔ایک اور جگہ ارشاد رب العزت ہے۔

"وَمَا اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ "(۶)

(ترجمہ)"اور اے رسولؐ ہم نے تم کو سارے جہان کے لوگوں کے حق میں از سر تا پا رحمت بنا کر بھیجا۔ "

ابو سعید بھی اپنے مخالفوں کی دل جوئی کرنے اور برا بھلا کہنے والوں سے نیک سلوک کرنے کی وجہ سے دوستی اور شفقت کی فضا کو برقرار رکھنے اور دشمنوں کو دوست بنانے میں کامیاب رہے۔

اجتماع میں رہتے ہوئے خدا سے غافل نہ ہونا: ابو سعید کے نزدیک ایک حقیقی عارف وہی ہے جو معاشرے میں لوگوں کے درمیان رہتے ہوئے ایک لحہ بھی اللہ سے غافل نہ رہے۔ شیخ سے کسی نے کہا کہ فلاں شخص پانی پر چلتا ہے۔اُنہوں نے کہا یہ آسان ہے،ان باتوں کی کوئی زیادہ اہمیت نہیں ہے حقیقی عارف وہ ہے جو لوگوں کے درمیان اُٹھے، بیٹھے، سوئے، کھائے، پیے اور بازاروں میں خرید و فروخت کرے،لوگوں کی دادرسی کرے اور ان کے ساتھ گھل مل جائے۔ لیکن وہ ایک لحہ بھی خدا سے غافل نہ رہے۔(۷)

ابو سعید خانقاہی نظام کا بانی: خانقاہوں کے بننے سے پہلے تاریخ میں صوفیوں اور عارفوں کے مراکز کو"رباط"۔"زاویہ"۔"دویرہ" "لنگر" اور "تکیہ" کہتے تھے۔(۸) کہا جاتا ہے کہ خانقاہ فارسی لفظ "خانہ گاہ" کا معرب ہے اور مسلمان صوفیوں کے درمیان رائج ہونے سے پہلے مانوی مذہب کی عبادت گاہ کے لیے استعمال ہوا جیسا کہ حدود العالم کا مؤلف لکھتا ہے۔

"سمرقند شہری است بزرگ و آبادان۔۔۔۔ و اندروی خانگاہ مانویان است"(۹)

خواجہ عبداللہ انصاری کے مطابق پہلی خانقاہ جو اسلام میں بنائی گئی وہ "رملہ" شام میں تھی۔(۱۰)

دوسری صدی ہجری کے وسط سے چوتھی صدی ہجری تک اگرچہ بعض

کتابوں میں صوفیوں کے مراکز 'رباط' اور 'دویرہ' کا تذکرہ ملتا ہے لیکن کسی خاص خانقاہی نظام یا آئین کی جانب اشارہ نہیں ملتا۔ چوتھی صدی کے اواخر میں خراسان بزرگ، فارس اور عراق میں کئی خانقاہیں بنائی گئیں اور پانچویں صدی ہجری میں خانقاہیں عرفانی نظام تعلیم و تربیت کا مرکز بن گئیں اور پھر آہستہ آہستہ وقف شدہ مقامات خانقاہوں میں شامل ہوتے گئے۔ ان خانقاہوں میں ابوسعید ابوالخیر کی خانقاہ نیشاپور میں ایک رسمی اور مکمل خانقاہ کے طور پر سامنے آئی۔ (۱۱)

اگرچہ ابوسعید کے زمانے یا اس سے پہلے خراسان کے گرد و نواح اور خصوصاً نیشاپور میں خانقاہیں بنائی گئی تھیں جیسے۔ خانقاہ ابو عبد الرحمان سلمی، خانقاہ امام قشیری، خانقاہ ابو علی طوسی، اور خانقاہ کرامیان لیکن سب سے پہلی رسمی خانقاہ ابوسعید ابوالخیر کی تھی جہاں عرفا کسی خاص نظم و ترتیب کے تحت عمل پیرا ہوتے تھے۔ (۱۲)

آثار البلاد کا مولف لکھتا ہے کہ "ابوسعید ابوالخیر وہ پہلا شخص ہے جس نے خانقاہی نظام بنایا۔ دن میں دو مرتبہ دستر خوان لگانے اور صوفیا کرام کے اطوار و آداب بھی ابوسعید سے منسوب ہیں۔ وہ تصوف کے آداب اور طور طریقوں کے بانی ہیں، تمام مشائخ صوفیہ ان کے شاگرد ہیں اور ان کے اطوار و آداب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اخذ کیے گئے ہیں۔ (۱۳)

ان کی نظر میں خانقاہ کو کسی قسم کی بھی مراعات ملے تو وہ مکمل طور پر صَرف کی جائے اور خانقاہ کا دروازہ مسافروں پر ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے اور اس میں چراغ جلتا رہنا چاہیے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ جو شخص بھی خانقاہ میں آتا ہے وہ اپنا رزق ساتھ لاتا ہے۔ (۱۴)

ان کا دوسرا اصول مرید صادق اور مراد حقیقی کی نسبت ہے۔ ابوسعید پیر کو مراد حقیقی جانتے ہیں جس میں کم از کم یہ دس خاصیتیں ہونی چاہییں:

(۱)۔ ایسا پیر ہو جس کے مرید بھی ہوں۔

(۲)۔ ایسا راستہ بتائے جو دیکھا جائے۔

(۳)۔ مہذب اور مودب ہوتا کہ مودب بنایا جاسکے۔
(۴)۔ بے خطر اور سخی ہوتا کہ مال مریدوں کو دے سکے۔
(۵)۔ مرید کے مال سے آزاد ہوتا کہ اُسے اپنے لیے ضرورت نہ پڑے۔
(۶)۔ اگر اشاروں کنایوں میں نصیحت کر سکتا ہے تو عبارت آرائی نہ کرے۔
(۷)۔ اگر طریقے سے مرید کو ادب سکھا سکتا ہو تو سکھائے، سختی اور غصہ نہ کرے۔
(۸)۔ جو کچھ کہے پہلے خود اس پر عمل کرے۔
(۹)۔ جس چیز سے منع کرے اس سے خود بھی باز رہے۔
(۱۰)۔ جس مرید کو اللہ کی رضا کے لیے منتخب کرے اسے لوگوں کے کہنے پر رد نہ کرے۔

جب ایک پیر ایسے اخلاق سے آراستہ ہوگا تو اس کا مرید سوائے راہ حق و صداقت کے کسی اور راستے پر نہیں چلے گا۔ جو صفتیں کسی مرید میں نظر آتی ہیں وہ در حقیقت اس پیر کے ہی اوصاف ہیں۔ جس طرح شیخ ابو سعید نے ایک پیر کے اوصاف بتائے ہیں۔اس طرح ان کا کہنا ہے کہ ایک حقیقی مرید میں کم از کم یہ دس صفتیں ہونی چاہییں:

(۱)۔ وہ ہوشیار ہو، تاکہ پیر کے رمز و اشارات سمجھ سکے۔
(۲)۔ جسم کا مطیع نہ ہو، تاکہ پیر کا فرماں بردار رہے۔
(۳)۔ اس کی قوتِ سماعت تیز ہونی چاہیے تاکہ پیر کی گفتگو سمجھ سکے۔
(۴)۔ ایک مرید کا دل روشن ہونا چاہیے تاکہ وہ اپنے پیر کی بزرگی اور اس کا مرتبہ جان سکے۔
(۵)۔ اُسے سچا ہونا چاہیے تاکہ جو بھی خبر دے وہ سچ پر مبنی ہو۔
(۶)۔ وعدے کا پکا ہو، تاکہ جو کہے اُسے وفا کرے۔
(۷)۔ آزاد مرد ہو، تاکہ جو کچھ اس کے پاس ہو اُس سے دریغ نہ کرے۔
(۸)۔ وہ راز دار ہو۔
(۹)۔ نصیحت سننے والا ہو، تاکہ پیر کی نصیحتوں پر عمل کرے۔

(۱۰) ۔ عیّار یعنی جوان مرد ہو، تاکہ اپنی جان اس راہ میں قربان کر سکے۔
اگر مرید ان اوصاف کا حامل ہوگا تو پیر کا مقصدِ طریقت اس سے جلدی حاصل ہو گا۔ (۱۵)

اس کے علاوہ خانقاہ میں آنے والے مسافروں اور وہاں رہنے والوں کے لیے اُنہوں نے کچھ اصول بنائے جن کی پیروی ان کے بعد آنے والے صوفیا حضرات نے کی۔
ان کا کہنا تھا کہ خانقاہ میں کوئی بھی مسافر تین دن سے زیادہ نہیں رہ سکتا چاہے وہ مہمان بو علی سینا ہی کیوں نہ ہو۔ (۱۶)

ابو سعید کو جہاں کہیں خوشی نصیب ہوئی فوراً پا کوبی اور دست افشانی شروع کر دیتے۔ ان کے لیے سماع ایک قسم کی عبادت تھی۔ خانقاہ میں شعر خوانی، غزل خوانی عام تھی۔ یہاں تک کہ کئی فقہا نے اس کی مخالفت بھی کی۔ (۱۷)

وہ مریدوں کو روزانہ اوراد اور وظائف پڑھنے کے لیے دیتے۔ خانقاہ میں رہنے والے مسافروں کے اوقاتِ فراغت کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہوا تھا ایک علم آموزی، دوسرا ذکر گوئی اور دوسروں کی خدمت کرنا اور انہیں آرام پہنچانا تیسرا کسبِ کار۔ (۱۸)

ان کی خانقاہ میں شہر کے عام آدمی سے لے کر رئیسِ شہر تک ان کی مجلس میں شریک ہوتے تھے اور ان سے کسبِ فیض کرتے تھے۔

شیخ ابو سعید کا ذوقِ سماع: ابو سعید سماع کے دلدادہ تھے۔ بعض علما و عُرفا کو ان کی محفل آرائی پر اعتراض تھا۔ اُنہوں نے مندرجہ ذیل رباعی میں اس کے جواز میں دلائل دیے ہیں:

صوفی بہ سماع سر ازان افشاند تا آتش خویشتن دمی بنشاند
عاقل است کہ دایہ گہوارۂ طفل از بہر سکون طفل می جنباند (۱۹)

ابو سعید فرماتے ہیں: ''سماع ھر کس رنگ روزگار وی دارد'' (۲۰)
(ترجمہ) ''ہر ایک کے سماع میں اس کے زمانے کا رنگ ہے''۔

شیخ ابو سعید ابوالخیر کے ہاں محفل سماع چل رہی تھی کہ نماز ظہر کی اذان ہوئی۔ محفل میں موجود عالم شرع شیخ خواجہ محمد قائمنی نے نماز کے لیے پکارا۔ مگر درویشوں کا سلسلہء رقص بند نہ ہوا۔

خود ابو سعید نے کہا ''ہم نماز میں ہیں'' یہ سُن کر خواجہ نماز باجماعت کے لیے چلے گئے۔ اس پر شیخ ابو سعید نے کہا ''باوجود مثالی عالم ہونے کے تصوف سے ذرہ بھر بھی واقف نہیں۔''(۲۱)

ابو سعید کی رباعی گوئی: ابو سعید وہ پہلے صوفی ہیں جنہوں نے صوفیانہ اسرار و رموز اور عاشقانہ واردات کے لیے رباعی کو ذریعہ اظہار بنایا۔ (۲۲)

ڈاکٹر ظہور الدین احمد ایک پاکستانی محقق اور فارسی ادب پر گہری نظر رکھنے والے دانشمند اپنی کتاب ایرانی ادب میں ابو سعید کی رباعیات کے حوالے سے یوں لکھتے ہیں۔

ہرمین ایتھے (۲۳) نے مختلف تذکروں سے جمع کر کے ۹۲ رباعیات پر مشتمل ایک مجموعہ شائع کیا۔ نکلسن نے اسی شبہے کا اظہار کیا تھا کہ مطبوعہ رباعیات ابو سعید کی اپنی نہیں بلکہ دوسروں کی ہیں۔ ''حالات و سخنان ابی سعید ابی الخیر'' مؤلفہ محمد بن ابو روح لطف اللہ میں صرف دو رباعیات مذکور ہیں۔ ابو سعید کے پوتے محمد بن منور نے ''اسرار التوحید'' میں لکھا ہے کہ اس کے دادا شعر نہیں کہتے تھے۔ اُس نے صرف ''ایک رباعی اور ایک فرد'' ان کی تصنیف بتایا ہے۔ ابو سعید کے شاعر ہونے کی ایک شہادت ان کے قریب العصر صوفی عین القضاۃ ہمدانی کی ہے جس نے اپنی کتاب ''تمہیدات'' میں تین اشعار نقل کیے ہیں۔ لاہور کی مطبوعہ رباعیات کی تعداد ۴۴۵ ہے، جن میں سے کچھ رباعیاں دیوان جامی میں ملتی ہیں۔ تین رباعیاں ایسی ہیں جن میں اہل تشیع کے مذہب کا اظہار ملتا ہے۔ یعنی حضرت علیؑ کو وصیِ رسول اللہ ﷺ کہا گیا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ شیخ ابو سعید شیعہ نہیں تھے وہ فقہ شافعی کے متبع تھے۔ (۲۴)

ایران کے ایک مقرر اور عرفانیات کے ماہر ڈاکٹر محمد حسین الٰہی قمشہ ای کہتے

ہیں کہ ''ابو سعید ابوالخیر سے منسوب رباعیات جو خانقاہوں اور اہل معرفت کی زبان پر جاری اور ان کے دل و نظر کو منور کرنے والی ہیں اہل تحقیق کے نزدیک تردد کا شکار ہیں، لیکن اکثر رباعیات جو ہر عرفان اسلامی اور روایات و حکایات سے بھرپور ہیں جو ابو سعید کی فکر اور ان کی زندگی سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہیں اور ان رباعیوں میں بنیادی اسلامی اخلاق منعکس ہوتے ہیں۔(۲۵)

ابو سعید کی رباعیات میں مندرجہ ذیل موضوعات نظر آتے ہیں۔

(۱) خدا آگاہی: اسلامی عرفانی تعلیمات کی اصل بنیاد جہانِ ہستی میں خدا کے وجود کا احساس ہے یہی احساس انسان کو ہر برے عمل سے روکتا ہے۔ ابو سعید کی بہت سی رباعیات ایسی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کو مخاطب کر کے دُعائیں مانگی گئی ہیں۔ اپنی کوتاہیوں اور بے عملیوں کا اعتراف کر کے مغفرت کے لیے دُعا کی گئی ہے اور توجہ کی توفیق مانگی گئی ہے۔

غمنا کم و از در تو با غم نروم(۲۶) جز شاد و اُمیدوار و خرم نروم
از درگہ ہچو تو کریمی ھرگز نومید کسی نرفت و من ہم نروم(۲۷)

(۲) انسان آگاہی: اسلامی عرفان کی رو سے انسان خدا کا خلیفہ ہے اور وہ تمام اسماء اور مراتب مجرد سے آگاہ ہے ''تاجِ کرّمنا'' اس کے سر پر ہے اور وہ عالمِ بحر و بر میں سیر کرتا ہے اور فرشتے اس کے آگے سجدہ ریز ہیں۔ اس کی جان روحِ خدا ہے۔ اخلاقی درستی کے لیے انسان کو اپنی ذات سے آگاہی ضروری ہے کیونکہ جب انسان اپنی ذات اور اپنے وجود کی عظمت کے بارے میں مطلع ہو گا تو وہ ہر بُرے کام سے جسے حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، اسے اپنی شان سے کمتر پائے گا اور اس بدی سے اجتناب کرے گا۔ ابو سعید کے نزدیک خدا کے نیک بندے کسی اور ہی مٹی سے بنے ہیں۔ اور وہ دونوں جہانوں سے آزاد ہیں۔ وہ کہتے ہیں:

مردان خدا ز خاکدان دگرند　　مُرغان ہوا ز آشیان دگرند
منگر تو ازین چشم بدیشان کایشان　　فارغ ز دو کون و در مکان دگرند (۲۸)

(۳) دنیا کی بے ثباتی اور عبرتناک انجام: ابو سعید کی رباعیوں میں دُنیا کی بے ثباتی اور انسان کو عبرتناک انجام سے آگاہی کی طرف اشارہ ملتا ہے۔ بعد میں یہی فکر عمر خیام کی رباعیات کا ایک جز تخیل بن گئی اور وہ کہتے ہیں:

چون حاصل عمر تو فریبی و رمی است　　زو داو مکن گرت بہ ہر دم ستمی است
مغرور مشو بہ خود کہ اصل من و تو　　گردی و شراری و نسیمی و نمی است (۲۹)

(۴) عقیدۂ وحدت الوجود: ابو سعید وحدت الوجود ''یا ہمہ اوست'' کے قائل تھے۔ اُنھوں نے ایک مرتبہ جوش میں آکے کہا تھا ''اللہ فی جُبّتی'' اور پھر اُنگلی سے جُبہ میں سوراخ کر کے بتایا کہ اندر موجود ہے۔

گفتم کہ کرائی تو بدین زیبائی　　گفتا خود را کہ من خودم یکتائی
ہم عشقم و ہم عاشق و ہم معشوقم　　ہم آینہ ہم جمال و ہم بینائی (۳۰)

(۵) دُعا اور التجا: ابو سعید نے بہت سی رباعیات میں اللہ کو مخاطب کر کے دُعائیں مانگی ہیں۔ وہ بلاؤں کو دور کرنے اور نفسانی خواہشات پر غلبہ پانے کے لیے یوں کہتے ہیں۔

خداوندا بگردانی بلا را　　ازین آفت نگہداری تو مارا
بہ حقِ آن دو گیسوی محمدؐ　　زبون گردان زبردستان مارا (۳۱)

اسی طرح ایک اور جگہ اپنی کوتاہیوں اور بے عملیوں کا اعتراف کر کے مغفرت کے لیے دُعا کی گئی ہے اور توجہ اور مدد مانگی گئی ہے۔ ان کی ایک رباعی ہے۔

مجنون و پریشان توام دستم گیر　　سرگشتہ و حیران توام دستم گیر
ہر بی سرو پا چو دستگیری دارد　　من بی سرو سامان توام دستم گیر (۳۲)

شعر فارسی میں کہا جو یوں ہے:

نشستہ بر درت این داد خواہت
ز مدّتھا بہ اُمید نگاہت

شعر کا مقطع یہ ہے:

بیا ای قادریؔ بی خود ز خود شو
بہ جز مستی در اینجا نیست راحت

اس غزل کی اس قدر دھوم مچی کہ لاڑکانہ میں ہر طرف شیرینی تقسیم کی گئی اور میاں غلام محمد کا سَر فخر سے بلند ہو گیا اور اُنہوں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اُن کے خاندان میں ایک برجستہ شاعر کا اضافہ ہوا ہے۔ اس عزت افزائی سے میاں علی محمد قادریؔ کے حوصلے بلند ہو گئے اور وہ کچھ عرصے تک فارسی زبان میں شعر کہتے رہے۔ پھر ان کی طبیعت سندھی شعر گوئی کی طرف مائل ہوئی اور ان کا سندھی دیوان دو مرتبہ ۱۹۴۰ء اور ۲۰۰۵ء میں زیور طبع سے آراستہ ہوا۔ وہ قادری سلسلے کے سجادہ نشیں بھی ہوئے اور اُنہوں نے عام لوگوں کو فیض پہنچانے کے ساتھ ساتھ اپنا علمی ذوق بھی جاری رکھا۔

آپ کی تصنیفات:

(۱) حسن و عشق: یہ ایک منظوم داستان ہے جو منشی پوکرداس پبلیکیشن شکارپور کی جانب سے ۱۹۰۶ء میں شائع ہوئی۔

(۲) "لیلیٰ مجنوں: یہ معروف عشقیہ داستان کئی زبانوں میں منظوم صورت میں چھپ چکی ہے، میاں علی محمد قادریؔ نے بھی اس داستان کو سندھی زبان میں منظوم کیا ہے۔ یہ کتاب ان کے ادبی ارتقا کا ایک شاہکار ہے۔

(۳) واسوختہ: یہ ایک منظوم سندھی مسدس ہے جس میں عشق و وارفتگی کا بھرپور

اظہار کیا گیا ہے۔ سندھی زبان میں میاں علی محمد قادریؒ وہ پہلے شاعر ہیں جنہوں نے واسوختہ شاعری کا آغاز کیا ہے۔

(۴) گلدستہء نعت قادریؒ: یہ اُن کے سندھی نعتیہ کلام کا مجموعہ ہے۔ نعتیں دیوان قادریؒ سے استخراج کی گئی ہیں اور اس مجموعے میں حضرت فقیر میاں غلام محمد قادری متخلص بہ ''گدا'' کی دو مناجات بھی شامل کی گئی ہیں جو فقیر علی محمد قادریؒ کے اُستاد اور میاں محمد صالحؒ کے فرزند تھے۔ ان کا ذکر مؤلف کے شرح احوال میں آچکا ہے۔

(۵) دیوان قادریؒ: یہ میاں علی محمد قادری کا سندھی دیوان ہے جس میں غزلوں کے علاوہ، مستزاد، مخمس، مسدس، مثلث، قصیدہ، سلام، سی حرفی، قطعات، رباعیات بھی شامل ہیں اور آخر میں کچھ فارسی غزلیں بھی دی گئی ہیں۔

ہر غزل کے آغاز میں اس کا عروضی وزن اور بحر کا نام شاعر نے پڑھنے والوں کی آسانی کے لیے دے دیا ہے اور دیوان کے آخر میں مشکل الفاظ کے معنی بھی میاں علی محمد قادریؒ کے ہی دیے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ علمِ عروض کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

(۶) سفر نامے: میاں علی محمد قادریؒ چار مرتبہ جنوری ۱۹۲۴ء، اکتوبر ۱۹۲۴ء، مارچ ۱۹۲۵ء، اور ۱۹۲۶ء میں مقاماتِ مقدسہ کی زیارات کو گئے۔ اُنہوں نے ۱۹۲۴ء اور ۱۹۲۶ء میں کیے گئے سفر کی روداد سفر نامے کے طور پر قلم بند کی۔ اس سفر نامے میں انہوں نے سفر کے دوران اپنے کہے ہوئے اشعار بھی قلمبند کیے ہیں جن سے سفر نامے کے متن میں اور بھی جاذبیت پیدا ہو گئی ہے۔

اب تک جن تصنیفات کا ذکر کیا گیا ہے وہ زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں، لیکن ان کے علاوہ بھی فلسفے، ادب اور عرفان کے موضوعات پر ان کی دیگر کتب اس خاندان کے ذاتی کتب خانے میں منتظر طبع و نشر ہیں۔ اسی گنجینہ قادری میں سے دیوان حضرت امام سجاد علیہ السلام بھی ہے جو شائع ہو چکا ہے اور اس کی بڑی پذیرائی بھی ہوئی ہے۔

کچھ نسخۂ رباعیات ابو سعید کے بارے میں: میاں علی محمد قادریؒ جو خود علم تصوف و عرفان کے ماہر، عارفِ کامل اور سلسلہء قادریہ کے سجادہ نشیں تھے، فارسی زبان وادب اور شاعری سے ایک خاص دلچسپی اور لگاؤ رکھتے تھے۔ صوفیائے کرام اور اہل اللہ کے کلام کو لوگ بڑی عزت واحترام سے دیکھتے تھے اور دیکھتے ہیں اور ان کے اشعار کو بڑی عقیدت سے پڑھتے بھی ہیں۔ بعض محفلوں اور خانقاہوں میں تو صوفیا کے اشعار کسی خاص مشکل کو حل کرنے کے لیے مناجات کے طور پر بھی پڑھے جاتے ہیں۔ ابو سعید ابو الخیر کی رباعیات کو بھی کچھ یہی درجہ حاصل تھا اور ان کی رباعیاں، مزاروں، درگاہوں، مسجدوں اور مقدس مقامات کے در و دیوار کی زینت بنی رہتی تھیں اور اب بھی کئی مساجد اور درگاہوں کی دیواروں پر یہ خوبصورت نقش ونگار کے ساتھ کندہ کی جاتی ہیں۔

میاں علی محمد قادریؒ کے پر پوتے جناب ذوالفقار علی قادریؒ کے بقول میاں صاحب نے اپنے شعری ذوق کے مطابق دورانِ سفر حجاز، عراق، بغداد، کربلا، نجف، کاظمین، سامرہ کے تاریخی مقامات، عمارات و مساجد میں ابو سعید کی رباعیات لکھی ہوئی دیکھیں اور وہ انہیں یادداشت میں محفوظ کرتے گئے اور ۹۷ رباعیات کا ایک مجموعہ تیار کر لیا۔ مجموعے کی آخری رباعی کے ساتھ یہ عبارت لکھی ہوئی ہے:

"این نسخہ رابہ حضور مرقد شریف قطب الاقطاب محبوب ربانی غوث سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز نوشتہ شد" اَللّٰھُمَّ اغفر لِکَاتِبِہٖ وَالْجَمِیعِ اِلْمُؤمِنِینِ وَ اَلمؤمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِینَ وَ الْمُسْلِمَاتِ اَلاِحْیاءَ مِنْھُمْ وَ الْاَمْوَات بِرَحمَتِکَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِین۔ ۱۳۱۲ھ"

اس مجموعے کے مقدمے میں ان رباعیات کو اوّل و آخر اسم اعظم کے ساتھ پڑھنے کی تاکید کی گئی ہے۔ نسخے میں شامل ہر رباعی کے ساتھ اس کے پڑھنے کی خاص علت اور افادیت کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اس مخصوص رباعی کا ورد کس معینہ مدت اور چند بار پڑھنے سے مقصد کا حصول ممکن ہوگا۔

رباعیات کے اس مجموعے کی تالیف سے مؤلف کی عرفانی شاعری کی جانب مخلصانہ عقیدت اور اس کے ورد سے اجابتِ دُعا پر یقین نظر آتا ہے۔

مجموعے کے ہر صفحے پر عمدہ خط نستعلیق سے رباعی کو لکھا گیا ہے، لیکن کہیں بھی کاتب کا نام مذکور نہیں ہوا۔ اسی سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کاتب نے ان رباعیات کی کتابت کو بہ طور ثواب انجام دیا ہے اور تواضع اور انکسار سے نام لکھنے سے گریز کیا ہے۔

محترم ذوالفقار علی قادری صاحب جو میاں علی محمد قادریؒ کے خانوادے کے چشم و چراغ ہیں اور آپ نے اس کام کا بیڑا اُٹھایا ہے کہ وہ اپنے اجداد کی تصنیفات و تالیفات کو عامّتہ النّاس تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے راقم الحروف سے ان رباعیات کو اُردو میں ترجمہ کرنے کی خواہش کی تاکہ فارسی زبان سے ناآشنا افراد بھی اس کتاب سے بہرہ مند ہو سکیں اور ان کے آباواجداد کے علمی ذوق کی داد دیں۔

راقم الحروف نے اپنی کم علمی کے باوجود کوشش کی ہے کہ رباعیات کا بامحاورہ اُردو ترجمہ قارئین کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ اہل علم و فن کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر کہیں سہو و خطا سرزد ہوئی ہو تو اسے اپنی وسیع النّظری سے درگزر کردیں۔

خدایا چنان کن سرانجام کار
تو خوشنود باشی و ما رستگار

ڈاکٹر فائزہ زہرا مرزا
اسسٹنٹ پروفیسر شعبہء فارسی
جامعہء کراچی

اپریل ۲۰۱۵ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بدان ایدک اللہ تعالے فی الدارین

رباعیات حضرت سلطان السالکین مرشد

العارفین قطب الاقطاب شیخ ابوسعید

ابوالخیر خراسانی قدس اللہ تعالی سرہٗ

کو کرداہمراہیت ولبیار غیرشود در وصول

بسعادات وحصول مدعیات وطلب

روزی وتسخیر قلوب وسائر امور تمام

دارد زیراکہ مراٰت حق اندیشان درین

رباعیات استخراج اسم اعظم کردہ

وہریک ازین ابیات را بجہتہ مہمی

و مدعای خاص ترتیب داده که بهمه اوست

آن تمنا باید بلا قصور دامان شاهد مقصود

و مطلب بدست آید و تخلف نکند مگر آنکه

قاری از اهل دعا نباشد و قاعده

خواندن آنست که هر یک ازین رباعیات

آراده خواندن کند از جهة شفای

بیمار باشد مظهر اسم یا شافی کرده و اگر

برای درد چشم بود مظهر اسم یا نور و

یا قیوم باید بود و همچنین برای هر مطلبی که باشد

میباید مظهر اسمی از اسمائی الهی بوده باشد

که مناسب آن مطلب و مدعا باشد با موثر

آید و دیگر رعایت محل اشارات که بشارت

شده یکبند و در ملاقات دو حرف
شکل یکد کرد و حرف میم و حا و دال و عین
و صاد و دو حرف جلاله که کلمهٔ طیبه است
پس چون بدین دستور عمل نماید البته باجابت
میرسد و متوجه هر مدعا و مطلب که گردد
بحصول آن کامران
و سرفراز خواهد شد

رباعیات حضرت شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی

ترتیب

زوار حاجی فقیر میاں علی محمد قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بدان ایدک اللہ تعالیٰ، فی الدارین کہ این رباعیات حضرت سلطان السالکین مرشد العارفین قطب الاقطاب شیخ ابو سعید ابوالخیر خراسانی قدس اللہ تعالیٰ سرہ گوکرداجمر است وبسیار غیر نودر وصول بہ سعادات و حصول مدعیات و طلب روزی و تسخیر قلوب و سائر امور تمام دارد۔ زیراکہ مرآتِ حق اندیشان درین رباعیات استخراج اسم آعظم کردہ و ہریک ازیں ابیات را بہ جہت مہمی و مدعای خاصی ترتیب دادہ کہ بہ مداومت آن نباید بلاقصور دامان شاہد مقصود و مطلب بہ دست آید وتخلف نکند مگرآنکہ قاری از اہل دُعا نباشد و قاعدہء خواندن آنست کہ ہریک ازاین رباعیات کہ آرادہٴ خواندن می کند از جہت شفائی بیمار باشد مظہر اسم یاشافی گردد و اگر برائی درد چشم بود مظہر اسم نور و یا قیوم باید بود و ہمچنین برائے ہر مطلبی کہ باشد باید مظہر اسمی از اسمائی الٰہی بودہ باشد کہ مناسب آن مطلب و مدعا باشد تا موئثر آید و دیگر رعایت محل اشارات کہ بشارت شدہ بکند و در ملاقات دو حرف مثل یکد گرد و حرف میم و حا و دال و عین و صاد و دو حرف مثل جلالہ کہ کلمہء طیبہ است۔ پس چون بدین دستور عمل نماید، البتہ بہ اجابت می رسد و متوجہ ہر مدعا و مطلب کہ گردد بہ حصول آن کامران و سرفراز خواہد شد۔

ترجمہ:۔ جان لو خدا دونوں جہانوں میں تمہارا مددگار ہو کہ یہ رباعیاں حضرت سلطان


